یہ غزل غالب نے خواجہ غلام غوث بیخبرکو اپنے ایک خط مورخہ ۷ جولائی ۱۸۶۵ء کے ساتھ بھیجی تھی (خطوط، مہر، ص ۳۳۲، خط ۱۳)، جس میں لکھا تھا ''بھائی امین‌الدین خان کے اصرار سے خسرو کی غزل پر ایک غزل لکھی ہے - علاؤالدین خان نے اس کی نقل ان کو بھیج دی ہے - میں دیوان پر نہیں چڑھاتا - مسودہ بھیجتا ہوں - - - (ایضاً، ص ۳۳۳) -

امیر خسرو کی غزل کا مطلع ہے :

ہر شبم جان بر لب آہ و نالۂ زار آورد
تا کدامین باد بوئی زان جفاکار آورد
(عاصر دواوین خسرو، ص ۲۵۰)

(جاری)

جذب شوقش بین کہ در ہنگام برگشتن زدیر
درقفای خویشتن بت را برفتار آورد

آن کند قطع بیابان این شگافد مغز کوہ
عشق ہر یک را بطرز خاص درکار آورد

آہِ مارا بین کہ نارد از دلِ سختش خبر
باد را نازم کہ ابر از سویِ کہسار آورد

نزدِ ما حیف ست گو نزدِ زلیخا میل باش
جذبہ' کز چاہ یوسف را بہ بازار آورد

ہر انارے راکہ افشاریم ازوے خون چکد
ہر نہالے را کہ بنشانیم دل بار آورد

نیست‌چون‌در منطقش جزذ کرشاہدحرف‌وصوت
شاہدے باید کہ غالب را بگفتار آورد

مطلع : اناالله حوان ، صفت مقدم ہے اور اسی طرح 'اناالحق
گوی ، بھی -
بیت : ٦ : باغ دو در ، کے مخطوطے میں مصرع اولیٰ میں
'آن کند' کے نیچے قیس اور 'این شگافد' کے نیچے فرہاد بطور توضیح
درج ہے -
۸ : 'جذبہ' بمعنی کشش - یہاں پر کشش زلیخا کی طرف سے ہے -

۵

درد ناساز است و درمان نیز هم
دہر بے پروا و یزدان نیز هم

اجرِ ایمان سودِ دانش گو مده
آنکه دانش داد و ایمان نیز هم

شه ز بزمم گر براند غم کراست
فارغم از ننگِ حرمان نیز هم

طاعتم می نگذرد اندر خمیر
نیست باقی ذوقِ عصیان نیز هم

عشق و آنکه استعاراتِ دروغ
اے دژم زخمو نمکدان نیز هم

منکه بردم بے اجل میرم همی
میتوانم زیست بے جان نیز هم

رفته است از دل نشاطِ بزم و باغ
وان هوایِ ابر و باران نیز هم

خامشی تنها نه جان را می گزد
این نواهای پریشان نیز هم

آنکه پندارند حافظ بوده است
غالبِ آشفته بود آن نیز هم

یہ غزل جیسا کہ مقطعے سے بھی ظاہر ہے ، حافظ کے تتبع میں کہی گئی ہے - حافظ کا مطلع ہے :

دردم از یاراست و درمان نیزهم
دل فدای او شد و جان نیزهم

بیت:۵ : اضافات جمیل، اور سبد چین کی قدیم و جدید اشاعتوں اور باغ دو در کے مخطوطے میں ''زخم نمکدان'' ہے جو صریحاً غلط ہے - اس شعر میں لف و نشر مرتب ہے ، 'عشق' کو 'زخم' اور اسعارات دروغ ، کو 'نمکدان' کہا ہے -

٦

بلہ من عاشقِ ذاتم تنہ نا ہایا ہو
ناظرِ حسنِ صفاتم تنہ نا ہایا ہو

موسی و حصرِ تماشای تجلّی برطور
من نہ در بندِ جہانم تنہ نا ہایا ہو

شررِ آتشِ رخشندۂ عشقم کہ یکے است
دمِ میلاد و وفاتم تنہ نا ہایا ہو

ظلمتِ کفر مبین، روشنیِ طبع، نگر
چشمۂ آبِ حیاتم تنہ نا ہایا ہو

فنِ تحریر بہ من نازد و من فارغ ازان
مرجعِ کلک و دواتم تنہ نا ہایا ہو

بر درِ دوست ہمی بیہدہ نالم کہ مباد
رنجد از صبر و ثباتم تنہ نا ہایا ہو

پرورش جز بہ خورش نیست ہانا رازق
بر جگر دادہ براتم تنہ نا ہایا ہو

مجرمِ عالمِ ارواح و بہ پاداشِ عمل
خستۂ قیدِ حیاتم تنہ نا ہایا ہو

تکیہ بر مغفرتِ اوست نہ بر طاعتِ خویش
تارکِ صوم و صلٰوتم تنہ نا ہایا ہو

چشم دارم کہ بہرہ روی دہد بیخودئے
جز بدین نیست نجاتم تنہ نا ہایا ہو

غالبم تشنۂ تلخاب ، نہ ہمچون حافظ
مایلِ شاخِ نباتم تنہ نا ہایا ہو

نواب علاؤالدین احمد خان علائی کی بیاض میں ایک خط نقل ہوا ہے ، جو غالب نے نواب امین الدین احمد خان کو بھیجا تھا ۔ اس خط کے ساتھ غالب نے یہ غزل بھیجی تھی اور اس کے بارے میں خط میں لکھا تھا "برادر ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ این غزل بجواب غزل حزین است : ہلہ من جان جہانم تنہ ناہایا ہو ۔ ۔ ۔ ۔" اس بیاض کا حوالہ اور مذکورہ خط کا اقتباس راقم نے دہلی میں محترمہ حمیدہ سلطان صاحبہ کی وساطت سے جناب مرزا شمس الدین برلاس اژہاروی کی بیاض سے لیا تھا ۔

'تنہ نا ہایا ہو' ——— غالب نے تفتہ کے نام ایک خط میں لکھا ہے "تم نے 'تن تن' کا ذکر کیوں کیا ؟ میں نے اس باب میں کچھ نہ لکھا تھا ، 'تن تن' اور 'تننننا' اصوات ہیں تار کے ، ہندی اور فارسی میں مشترک ۔" (خطوط ، مہر ، بنام تفتہ شمارہ ۱۱۵)

۷

از جسم بہجان نقاب تا کے
این گنج درین خراب تا کے

این گوہرِ پرفروغ یارب
آلودۂ خاک و آب تا کے

این راہروِ مسالکِ قدس
واماندۂ خورد و خواب تا کے

بیتابیِ برق جز دمے نیست
ما وین ہمہ اضطراب تا کے

بے خبر کے نام ۱۸۶۶ء کے خط میں غالب نے لکھا ہے "میں نے سات شعر امیر خسرو کی غزل پر [دیکھیں تعلیقات] لکھ کر مطرب کو دیے، وہ مجلسوں میں گانے لگا۔ اکبر آباد، لکھنؤ تک مشہور ہوئے۔ وہ غزل جس کا مطلع یہ ہے:

از جسم بجان نقاب تاکے   این گنج درین خراب تاکے

ایک صاحب آگرے میں اور ایک صاحب لکھنؤ میں معترض ہوئے کہ 'گنج در خرابہ باید نہ در خراب'۔ ہرچند کہا کہ 'خرابہ' مزیدالیہ اصل لغت، 'خراب' عربی الاصل بمعنی ویران و ویرانہ ہے، جس کی ہندی اوجڑ، معترض مصر رہا۔ صاحب کے دیوان میں سے
(جاری)

جان در طلبِ نجات تا چند
دل در تعبِ عتاب تا کے

پرسش ز تو بے حساب باید
غمہای مرا حساب تا کے

غالب بہ‌چنین کشاکش اندر
یا حضرت‌بوتراب[۴] تا کے

یہ مطلع نکلا :

بہ فکر دل نہ فتادی بھیچ باب دریغ
بہ گنج راہ نہ بردی درین خراب دریغ

تفتہ کے نام ایک دوسرے خط میں (ایضاً ، خط ۲۱) غالب نے لکھا ہے ''عارف علی شاہ خراسانی نے اسی مطلعے پر ۔ ۔ ۔ تین اعتراض کئے تھے : پہلا نقاب کے ساتھ عارض و رخ کا ذکر بھی ضرور تھا ، وہ نہیں ہے ۔ دوسرا ، گنج تو ویرانے ہی میں ہوتا ہے ، پھر اس پر تأسف ہی کیا ، جو کہتے ہیں 'تا کے ؟' تیسرا ، 'ویرانے کو 'خرابہ' کہتے ہیں نہ 'خراب' اور ان اعتراضوں کے بعد انہوں نے دخل کیا تھا :

از جسم بجان حجاب تا کے
گل بر رخ آفتاب تا کے''

تفتہ ہی کے نام ایک اور خط میں غالب نے اس مطلعے کا مفہوم بتایا ہے اور اعتراضات کے جواب کی تکمیل کی ہے (دیکھیں خطوط ، مہر ، صفحہ ۳۴۳ و ۳۴۴ ، خط ۲۲) ۔

یہ غزل غالب نے اپنے اردو خط مورخہ ذی الحجہ ۱۲۷۷ھ (جون ۱۸۶۱ع) کے ساتھ نواب علاؤالدین احمد خاں علائی کو بھیجی تھی ۔ اسی سال کہی ہو گی ۔ کلیات نظم فارسی (مطبوعہ ۱۸۶۳ع) میں شامل نہ ہوسکی ۔ ۱۸۶۷ع میں سبدچین میں شائع ہوئی ۔

۸

خوشم که چرخ بکوی تو ام ز پا انداخت
که هم ز من پیِ من خلد را بنا انداخت

چو نقشِ پا همه افتادگیست هستیِ من
ز آسمان گله نبود اگر مرا انداخت

سوادِ سایه همان صورتِ گلیم گرفت
همای فرخ اگر سایه بر گدا انداخت

ز رزقِ خویش چسان برخورم که داسِ قضا
زِ کشت خوشه درود و در آسیا انداخت

به عز و نازمنه دل که افتد آخرِ کار
ز فرقِ مهر کلاهے که بر هوا انداخت

به طعنِ بے‌اثریهای نالهٔ ما را کُشت
ز کیشِ ماست خدنگے که سوی ما انداخت

صحیفہ بیشِ نگاہ و نگاہ کزلک تیز
دریغ گر بسرِ حرفِ مدّعا انداخت

اگر نہ لطفِ شبِ وصل کاستن میخواست
ز روزِ ہجر سخن درمیان چرا انداخت

منم کہ با جگرِ تشنہ می نوردم راہ
بوادیے کہ خضر کوزہ و عصا انداخت

فغان ز غفلتِ غالب کہ کارش از مستی
ز دست رفتہ و داند کہ با خدا انداخت

یہ غزل خواجوی کرمانی کی زمین میں ہے (کلیات خواجو ، طبع تہران ص ۶۵۲ ، غزل ۵۳) ۔ 'دیکھیں تعلیقات'

بیت : ۵ : وکلاہ بر ہوا انداختن ، کنایہ ہے مسرت و افتخار سے ۔ دیکھیں وارستہ کی مصطلحات الشعراء)

۹

آسمانِ بلند را میرم
ابرِ کُحلی پرند را میرم

میفریبد مرا ببازیچه
دلِ زار و نژند را میرم

شوریِ اشک در نظر خوارست
تلخیِ زهرخند را میرم

سخنم مدحِ حضرتِ اعلیٰ ست
سخنِ دل‌پسند را میرم

سرِ راهش نشستنم هوس است
خاکِ پایِ سمند را میرم

رهنشینِ ویم زهے توقیر
طالعِ ارجمند را میرم

جذبِ الفت بسویِ وے کشدم
این نوآئین کمند را میرم

میکند رخنہ در جگر غمِ ہجر
این جگر در کلند را میرم

شاعرم، منشیم، ظریف و شریف
این اضافاتِ چند را میرم

وایہ جوید ز حضرتِ اعلیٰ
غالبِ مستمند را میرم

۴ نیز مقطع : 'حضرت اعلیٰ' سے مراد شاید نواب افضل الدولہ والی دکن ہیں۔ اگر ایسا ہے تو یہ غزل اُس قصیدے کے ساتھ بھیجی گئی ہوگی جو باغِ دودر میں (بہ شمارہ ۷) شامل ہے (ص ٦۷)

۱۰

بہ مقصدے کہ مرآن را رہِ خدا گویند
برو برو کہ ازان سو بیا بیا گویند

کسے کہ پای ندارد چگونہ راہ رود
خود اہلِ شرع درین داوری چہا گویند

ز رمزِ نخلِ اناالله گوی نا آگاہ
حدیثِ جلوہگہ و موسی و عصا گویند

مگر ز حق نہ بود شرم حق پرستان را
کہ نامِ حق نبرند و ہمین انا گویند

یہ غزل غالب نے خواجہ حالی کو لکھ کر بھیجی تھی، جنہوں نے اس کی تقریب یادگار غالب (ص ۳۹) میں یوں بیان کی ہے "ایک روز مرزا کی بزرگی، اُستادی اور کبرسنی کے ادب اور تعظیم کو بالائے طاق رکھ کر خشک مغز واعظوں کی طرح اُن کو نصیحت کرنی شروع کی۔ چونکہ ان کے ثقل ساعت انتہا کے درجے کو پہنچ گیا اور ان سے بات چیت صرف تحریر کے ذریعے سے کی جاتی تھی۔ نماز پنجگانہ کی فرضیت اور تاکید پر ایک لمبا چوڑا لکچر لکھ کر اُن کے سامنے پیش کیا جس میں اُن سے اس بات کی درخواست تھی کہ آپ کھڑے ہو کر، یا بیٹھ کر، یا ایماٴ و اشارے سے
(جاری)

ز قولِ شان نبود دلنشینِ اہلِ نظر
جز آن صفات کہ از ذاتِ کبریا گویند

نخوانده در کتب و ناشنیده از فقہا
بغیر بے مزہ وا گوبہہا کہ وا گویند

دم از وجودکہ ذنب زدند بے خبران
چسان عطیہٗ حق را گناہِ ما گویند

بلی گناہ بود دعوی وجود از ما
بہ اہل راز چنین گوی تا بجا گویند

غرض جس طرح ہو سکے نماز پنجگانہ کی پابندی اختیار کریں ، اگر وضو نہ ہو سکے تو تیمم ہی سہی مگر نماز ترک نہ ہو ۔" یہ انہوں نے اپنا واقعہ بیان کیا ہے اور آگے چل کر اس سلسلے میں لکھا ہے "اس کے بعد میں اُن سے رخصت ہو کر چلا آیا ۔ دوسرے روز حضرت نے ایک غزل لکھ کر میرے پاس بھیجی ۔ جس میں اگرچہ میرے نام اور تخلص کی تصریح نہ تھی لیکن اُس کے بعض مضامین اور اشارات سے معلوم ہوا کہ اُس میں جو طعن و تعریض ہے وہ میری ہی نسبت ہے ۔" (ایضاً ص ۴۰) اس کے بعد یہ غزل درج کی ہے ۔ بعد کی تفصیل کے لیے دیکھیں یادگار ، صفحات ۴۱ تا ۴۳۔

مطلع : 'مقصد'——یہ عربی لفظ بہ کسرہٗ صاد ہے بمعنی منزل مقصود ۔ فارسی میں بھی یہی تلفظ اور یہی معنی ہیں ۔ اس مطلعے میں غالب نے مقصد کو رہ خدا کہہ کر گنجلک پیدا کر دی ہے ۔ اس مقام پر یہ اشارہ بے جا نہ ہوگا کہ اُردو میں مقصد بہ فتحہٗ صاد اور روزمرہ میں بہ معنی مقصود مستعمل ہے ۔

(جاری)

قطعه

دگر ملامتیان را چه زہرۂ پاسخ
اگر بہ خشم گرایند و ناسزا گویند

نکردہ زرمسِ خود را و بہرِ عرضِ فریب
بہ پیشِ خلق حکایت ز کیمیا گویند

کسان کہ دعوی نیکی ہمی کنند مرا
اگر نہ نیک شمارند بد چرا گویند ؟

طمع مدار کہ یابی خطابِ مولانا
بس است ہمچو توئی را کہ پارسا گویند

بگوی مردہ کہ در دہر کار غالبِ زار
ازان گذشت کہ درویش و بینوا گویند

بیت : ۷ : 'وجودک ذنب '———— دیکھیں خواجہ حالی کی توضیح (یادگار ، ص ۱۴) ۔

۱۱ : کساںکہ———— یہ لفظ اس اسلوب بیان میں غیر فصیح ہے ۔

۱۲ : مخاطب خواجہ حالی ہیں ۔ دیکھیں یادگار غالب ص ۳۹ ۔

فردات

۱

نازم آن فتنہ کہ در دشت بہ‌غمخواریِ قیس
لیلی از ناقہ فرودآید و محمل برود

۲

اینک ہزار و ہشتصد و شست و چارہین
ہنگامہ ورودِ خداوندگار ہین

۳

نوابِ نامدار بہ دہلی درآمدہ
فصلِ بہار ہین کہ در اکتوبر آمدہ

۴

مرحبا ویسرای کشورِ ہند
شأن و شوکت فزایِ کشورِ ہند

بیت : ۱ : اس زمین میں غالب کے بعض پیشرووں کی غزلیں ہیں ، مثلاً طہوری :

زود خوش نیست کہ قاتل ز مقابل برود
بایدش بود کہ جان از تن بسمل برود

نظیری :

کس چو من نیست کہ پیش نظر از دل برود
غایب از دیدہ نگردد ز مقابل برود

فیضی :

ہمچو من گرم روے کو کہ رہ دل برود
ناقہ را پے کند و آن سوی منزل برود

دیکھیں تعلیمات (جاری)

۵

بیا کہ دادہ بہ دہلی نشانِ شوکت و شان
وزیرِ اعظمِ شاہِ فرنگ و ہندستان

٦

ز ہے لارڈ لارنس کز حکمِ شاہ
کند تاجداری بہ زرّیں کلاہ

۷

ملکہ آنکہ برین چرخ سریرش باشد
لارڈ لارنس گرانمایہ وزیرش باشد

۸

زہے ز شملہ بہ دہلی ورودِ فرخِ او
چو آفتاب سراسر فروغ و فر رخ او
مرحبا لشکرِ نوابِ گورنر جنرل
کہ شدہ دہلی ازان کوکبہ کوکب بمثل

---

۲ : ۱۸٦۴ء میں ۱۵ اکتوبر کو وائسرائے سر جان لارنس نے، جو کلکتے سے شملے منتقل ہوگئے تھے اور انھوں نے شملے کو اپنا صدر مقام قرار دیا تھا، (مرکزی حکومت کے تمام ادارے کلکتے ہی میں رہے تھے) لاہور میں دربار کیا، جس میں پنجاب کے والیان ریاست اور معززین نے شرکت کی - دہلی اور نواح دہلی کا شمول بھی پنجاب میں تھا، چنانچہ اس طرف کے نمائندے بھی شریک ہوئے، جن میں نواب امین الدین لوہارو بھی اپنے تین اعزہ کے ساتھ شریک تھے - یہ شعر اسی موقع کے لیے کہا گیا ہوگا اور قیاس کہتا ہے کہ اس کا کتبۂ استقبال کے لیے لگایا گیا ہوگا - ویسے خود غالب شریک دربار نہ

(جاری)

۹

در لن مردم این شہر روان باز آمد
می شناسم کہ مگر شاہِ جہان باز آمد

۱۰

عیان بود ز گورنر کرامتِ ملکہ
زبانِ خلق و دعای سلامتِ ملکہ

نہیے - (تفصیل کے لیے دیکھیں پنجاب گزٹ ، جلد ۹ ، نمبر۲۳) اس شعر میں خداوندگار، لفظ لارڈ کے مفہوم کے لیے آیا ہے -

۳ : اکتوبر میں دہلی میں دربار پنجاب کے لفٹننٹ گورنر سرڈانلڈ میکلوڈ کا ہوا تھا ، جن کا ذکر باغ دودر کی تعلیقات میں ص ۴۷ اور ص ۱۲۸ پر ہے - یہ سال ۱۸٦٦ء تھا - اس موقع پر ان کو دہلی سوسائٹی کی طرف سے ، جس کے غالب بھی رکن تھے ، سپاس نامہ پیش کیا گیا تھا (رسالہ دہلی سوسائٹی ، نمبر۳ بابت ۱۸٦۷ء ، ص ۱۲ و ص ۲۷) - اس موقع پر اس شعر کا کتبہ لگایا گیا ہوگا -

۴ ، ۵ : یہ اشعار ۱۸٦۴ء یا ۱۸٦٦ء کے ہونے چاہئیں اور اس قیاس کی بنا پر ان کا ممدوح سر جان لارنس (لارڈ لارنس) ہے - دوسرا شعر خاص طور پر ۱۸٦٦ء ہی کا ہوسکتا ہے - (دیکھیں تحقیق نامہ ص ۱۹٦)

٦ ، ۷ : دیکھیں مندرجہ بالا حاشیہ برائے فرد : ۳ - یہ اشعار ۱۸٦٦ء کے بھی ہوسکتے ہیں -

۸ ، ۹ : دیکھیں تحقیق نامہ ص ۱۹٦ ، وائسرائے سرجان لارنس نے کلکتے کے بجائے شملے کو اپنا صدر مقام قرار دیا تھا - مرکزی حکومت کے ادارے کلکتے ہی میں رہتے تھے -

(جاری)

۱۱

دو روز دیر کن اے مرگ خالصاً للہ
مگر بہ‌من رسد آن وایہ کہ در راہست

۱۲

عبودیت نکند اقتضای خواہشِ کار
دعا بصیغۂ امراست وامر بے ادبی ست

---

۱۰ : یہ شعر ۲۴ فروری ۱۸۵۸ء کو سر جان لارنس کے لیے کہا گیا ہوگا - نیز دیکھیں رباعی : ۹ کا دوسرا شعر جو اسی مضمون کا ہے -

۱۱ : ممدوح سر رابرٹ منٹگمری یا سر ڈانلڈ میکلوڈ ہوسکتے ہیں - اس طرح یہ شعر ۱۸۶۳ء اور ۱۸۶۶ء کے درمیان محصور ہو جاتا ہے -

۱۲ : غالب کی اس زمین کی غزل ہے : ظہور بخشش حق را ذریعہ بی سببی است ، لیکن یہ شعر انھوں نے غزل میں شامل نہیں کیا -

رباعيات

۱

بخشید بہ ثاقبِ سخنورِ یزدان
فرخ پسرے بشکلِ ماہِ تابان

ہم نورِ نگاہِ نیّرِ رخشان است
ہم روشنیِ چشمِ شہاب الدین خان

۲

امروز کہ روزِ عید و نو روز بود
روزِ فرخندہ و دل افروز بود

ہر عیش و نشاطے کہ درین روز بود
ہر روز ترا ز بخت فیروز بود

رباعی : ۱ : یہ رباعی نواب ضیاالدین احمد خان نیر رخشاں کے پوتے یعنی نواب شہاب الدین خان ثاقب کے صاحبزادے کے لیے کہی گئی تھی ، شاید نواب شجاع الدین خان تاباں کے لیے ۔

(جاری)

۳

نازم به نشاطِ اینچنین برگشتن
رمزیست نهفته اندرین برگشتن

سرمایهٔ نازش است و پیرایهٔ حسن
برگشتنِ مژگان بود این برگشتن

۴

خواندیم سخنهایِ محبت بسیار
راندیم سخنهایِ محبت بسیار

رفتیم آخر ز عالم و در عالم
ماندیم سخنهایِ محبت بسیار

۳: شاید یہ رباعی اور رباعی: ۵ بقریب نوروز انقلاب ۱۸۵۷ء کے مشہور شاہزادے فیروز بخت کے لیے کہی گئی ہو۔

۴: 'ماندیم' —ماندن بطور مصدر متعدی متقدمین کے ہاں ملتا ہے، لیکن متاخرین خاص طور سے 'سبکِ ہندی' کے ممتاز شعرا کے متروکات میں سے ہے۔ یہاں مخل فصاحت ہے۔ ماندن، بمعنی 'رکھنا' اور چھوڑنا، ایرانی محاورے میں اب متروک ہے، البتہ افغانستان میں اب بھی بولا جاتا ہے۔

۵

اے رویِ تو ہمچو مہرِ گیتی‌افروز
وے بختِ تو در جہانستانی فیروز

حق کردہ بہ روز نامۂ عمرِ تو ثبت
توقیعِ توقعِ ہزاران نوروز

٦

اے آنکہ بہ‌دہر نامِ تو شاہرخ‌است
پیوستہ ترا بحضرتِ شاہ رخ است

نازد ، بتو شہ کہ باشد اندر شطرنج
امیدِ ظفر قوی، چو با شاہ رخ است

۵ : دیکھیں رباعی : ۲ کی مندرجہ بالا حاشیہ

٦ : رباعی ، جیسا کہ واضح ہے، مرزا شاہرخ (متوفی ۱۸۴۷ء) کے لیے کہی گئی تھی ، دیکھیں **تحقیق‌نامہ** ، ص ۲۰ و ص ۳۲ -) اور غالب کے **دیوان فارسی** ، نسخہ بانکی پور ، کتابت شدہ ۱۲۵۴ھ مطابق جولائی ۱۸۳۸ء کے ورق ۱۳۲ ب پر بائیں طرف کے حاشیے میں درج ہے - دیوان فارسی مطبوعہ ۱۸۴۵ء اور **کلیات نظم فارسی** مطبوعہ ۱۸٦۳ء میں شامل نہ ہوسکی -

۷

اے دادہ بباد عمر در لہو و فسوس
زنہار مشو ز رحمتِ حق مایوس

ہُش دار کز آتشِ جہنّم حق را
تہذیب غرض بود نہ تعذیبِ نفوس

۸

جائیکہ ستارہ شوخ چشمی ورزد
افسر افسار و گرزن ارزن ارزد

خورشید ز اندیشۂ جاور گردش
بر چرخ نبینی کہ چسان می لرزد

۷ : یہ رباعی دیوان غالب کے نسخۂ بانکی‌پور کتابت شدہ ۱۲۵۷ھ مطابق ۱۸۴۱ء نیز نسخۂ ۱۸۴۵ء (طبع دارالسلام) اور نسخۂ رامپور کتابت شدہ ۱۸۶۱ء میں رباعیات میں دوسری ہے ، لیکن نسخہ طبع ۱۸۶۳ء میں شامل نہ ہوسکی ۔

۸ : 'جاور گردش ، دساتیری لفظ ہے بمعنی 'انقلاب' اس لفظ کے یہ معنی کلیات نثر غالب طبع ۱۸۶۸ء میں دسنبو کی فرہنگ میں بھی بتائے گئے ہیں ۔ یہ رباعی دستنبو (کلیات نثر غالب ص ۱۹۵) میں درج ہے ۔ انقراض بادشاہی اودھ کے بیان میں آئی ہے ۔

۹

در کالبدِ شہر روان باز آمد
فرمان فرمایِ شہ نشان باز آمد

زین‌شادی‌وخوشدلی‌کہ روداد بہ‌شہر
گوئی کہ مگر شاہِ جہان باز آمد

۱۰

از دہر دلم وایہ ز ہر در می جُست
از بادۂ ناب یک دو ساغرمی جُست

فرزانہ مہیش داس بخشید بہ‌من
آبے کہ برایِ خود سکندرمی جُست

۹ : دوسرے شعر کا مضمون فردات میں فرد : ۱۰ میں بھی آیا ہے - یہ رباعی دستنبو (کلیات نثر غالب ، ص ۲۰۳) میں بھی درج ہے - چہار شنبہ ۲۴ فروری ۱۸۵۸ء کو سرجان لارنس ، چیف کمشنر کی دہلی میں آمد پر کہی گئی تھی -

۱۰ : اس رباعی کے ممدوح دہلی کے لالہ مہیش داس پسر چھوڑا مل ساہوکار ہیں - یہ نواب امین الدین احمد خاں کے خاص احباب میں تھے - غالب سے مراسم اسی راہ سے ہوں گے - آن کی ولدیت اور یہ بات کہ نواب کے خاص دوست تھے راقم کو نواب شمس‌الدین مرزا برلاس لوہاروی کی بیاض سے معلوم ہوئی - لالہ مہیش داس دہلی کے آنریری مجسٹریٹ اور دہلی سوسائٹی کے رکن (جاری)

۱۱

زینسان کہ ہمیشہ در روانی مائیم
سر چشمۂ رازِ آسانی مائیم

لختے ز دساتیر بوَد نامۂ ما
ساسانِ ششم بہ کاردانی مائیم

۱۲

گویند جہانیان دو رویند ، مگو
گر بدمنکوہ ، ور نکویند ، مگو

ہر چند کہ بد زیستم و بد مُردم
نیکان پس مردہ بد نگویند ، مگو

تھے جس کے ارکان میں ۱۱ اگست ۱۸۶۵ء سے غالب بھی تھے - (رسالہ دھلی سوسائٹی ، نمبر ۱، بابت ۱۸۶۶ء) - یہ رباعی دستنبو (کلیات نثرص ۲۰۵) میں لالہ صاحب کے بارےمیں ان الفاظ کے ساتھ درج ہے : "خوی آن داشتمی کہ بشب جز؟ فرخ ہیچ نخوردمی و اگر آن نیافتمی خوابم نبردی - درین ہنگام کہ بادۂ فرنگ در شہر بسیار گرانست و من پر تہیدست، اگر جوانمرد خدا دوست خدا شناس دریادل مہیش داس [بہ تصحیح] بفرستادن بادۂ شکری ہندی کہ در رنگ با فرخ برابر و در بوی [بہ تصحیح] ازان خوشتری بر آتش آب نزدی
(جاری)

۱۳

ہر روز تنم ز سایہ لرزان گردد
ہر شب دلم از داغ چراغان گردد

خواہم کہ ز لطف منٹگمری صاحب
کارِ منِ آشفتہ بسامان گردد

۱۴

اے پایہ بلند ساز والا جاہی
از بہر تو باد، ہرچہ از حق خواہی

مککو کبہ مکلوڈ کہ درصورتِ تست
چون مُہر عیان معنیِ روح اللہی

جان آبردمی و از جگر تشنگی مردمی۔‘‘پھر یہ رباعی درج کی ہے اور لکھا ہے : ’’از داد نتوان گذشت و دیدہ را. نا گفتہ گذاشت ۔ این نکوئی‌دوست دربارۂ آبادی مسلمان شہر کوشش دریغ نداشت‘‘

اس رباعی کے دوسرے شعر میں ہندی لفظ ’داس‘ کا ، جس کے معنی غلام ہیں ’سکندر‘ سے تضاد مقصود ہے ۔

۱۱ : ’دساتیر‘—اکبری دور کی مجعولہ کتاب جو خود ساختہ زبان میں لکھی گئی اور ظاہر کیا گیا کہ یہ قدیم ایرانی زبان میں قدیم آسمانی صحیفہ ہے ، جو نازل ہوا اور ساسان پنجم (نام نہاد ایرانی پیغمبر) نے اس کا ترجمہ خالص فارسی میں کیا ۔ یہ ترجمہ متن کے بین‌السطور میں درج ہے ۔ اس ترجمے میں بھی بہت سے فارسی الفاظ

(جاری)

۱۵

یا رب تو کجائی کہ بما زر ندہی
بیدرد خدائی کہ بما زر ندہی

نے نے تو نہ غایبی و نہ بیرحمی
بے مایہ چومائی کہ بما زر ندہی

۱۶

آن کیست کہ جسم ملک راجان باشد
آن کیست کہ ہمسر سلیمان باشد

آن کیست کہ انجمش بہ فرمان باشد
کس نیست، مگر کلب علی خان باشد

گھڑ کر استعمال کیے گئے ہیں - بمبئی کے ایک زرتشتی عالم ملا فیروز کاؤس نے 'دساتیر' فرہنگ اور انگریزی ترجمے کے ساتھ ۱۸۳۸ء میں شائع کی تھی۔ برعظیم پاک و ہند اور ایران میں خصوصاً سترھویں، اٹھارھویں اور انیسویں صدی کے بہت سے فرہنگ نویس نثرنگار اور شاعر دساتیر کے ترجمے کی خالص فارسی سے متاثر رہے ، چنانچہ اس کے نو ساختہ الفاظ فرہنگوں میں اور نظم و نثر میں راہ پاتے رہے۔ غالب بھی دساتیر کے آئین گفتار کی فارسیت کے فریب خوردہ اور شیدائی تھے اور اس کے بعض جعلی الفاظ کے فریب خوردہ تھے ، چنانچہ انھوں نے ایسے کئی لفظ اپنی فارسی نگارشات میں استعمال کئے ہیں ، خاص طور سے 'مہر نیم روز' اور 'دستنبو' میں—'منطق فارسی' اور فارسی کے 'فن سخن' میں انھوں نے اپنے آپ کو 'ساسان ششم' کہا ہے - دساتیر کے بارے میں دیکھیں پروفیسر پورداؤد کا مقالہ 'دساتیر' ان کی کتاب 'فرہنگ ایران باستان' میں -

(جاری)

۱۷

حق داد بہ سیّد زبیِ انعامش
فرخ پسرے کہ واجب است اکرامش

تاریخِ ولادتش بود بے کم و بیش
'ارشاد حسین خان'، کہ باشد نامش

۱۲ : یہ رباعی مثنوی ابرگہر بار (مطبوعہ ۱۸۶۵ء) کے دیباچے میں درج کی گئی تھی (دیکھیں مثنویات باغ دو در ، صفحہ ۱۰۷)۔
چوتھے مصرعے میں حدیث : 'ذکروا امواتکم بالتی ھی احسن ، کی طرف اشارہ ہے ۔

۱۳ : یہ رباعی غالب نے دربار و خلعت کے سلسلے میں ۱۷ ستمبر ۱۸۶۴ء اور ۱۶ نومبر ۱۸۶۴ء کے درمیان متعلقہ عرضداشت کے ساتھ لفٹننٹ گورنر پنجاب ، سر رابرٹ منٹگمری کو بھیجی ہوگی۔ دیکھیں تحقیق نامہ صفحہ ۷۴ ۔

۱۴ : یہ رباعی غالب نے اکتوبر ۱۸۶۶ء میں کہہ کر پیش کی ہوگی ۔ دیکھیں گذشتہ صفحات میں فرد : ۴ کا حاشیہ ۔
(جاری)

۱۵ : 'بیپایہ'—اس بظاہر کفر آمیز شوخی میں منطقی بنیاد اور اور اپنی بریت کا پہلو یہ ہے کہ ذات الہی مادے سے مبرا اور منزہ ہے ۔ لفظ 'بیپایہ' میں توریہ ہے ۔

۱۶ : یہ رباعی غالب نے اپنے خط مورخہ ۱۱ اپریل ۱۸۶۷ء میں درج کر کے محمد حسن خان ، ایڈیٹر 'اخبار دبدبہ سکندری' رامپور کو بھیجی تھی اور لکھا تھا ''ایک رباعی آپ کو اس مراد سے بھیجتا ہوں کہ دبدبہ سکندری میں جہاں رامپور کا لفظ آپ لکھتے ہیں پہلے یہ رباعی لکھ دیا کیجئے اور علی‌الدوام اس کا التزام رہے یعنی رباعی لکھی جایا کرے'' غالب کی نادر تحریریں صفحہ ۷۹ ۔

تعليقات

توضیحات

قصیدہ : ۵

یہ **قصیدہ غالب** نے **نواب کلب علی خان** خلد آشیان کو ، (دیکھیں **قطعہ** ۳۳ کا حاشیہ) جو اس قصیدے کے ممدوح ہیں ، ۲۱ **اگست** ۱۸۶۵ء کو بھیجا تھا اور اس کے ساتھ اپنے خط (مکتوب ۵۲ ، مکاتیب **غالب** ، ص ۵۸) میں لکھا تھا : ''داستان حمزہ قصہ، موضوعی ہے ۔ **شاہ عباس ثانی** کے عہد میں **ایران** کے صاحب طبعوں نے اس کو تالیف کیا ہے ۔ **ہندستان** میں **امیر حمزہ** کی داستان ہی کو کہتے ہیں ، اور **ایران** میں **رموز حمزہ** اس کا نام ہے ۔ دو سو کئی برس اس کی تألیف کو ہوئے ۔ اب تک مشہور ہے اور ہمیشہ مشہور رہے گا ۔ آپ کے اس تکیہ‌دار روزینہ‌خوار فقیر نے آپ کی مدح میں ایک **قصیدہ** لکھا ہے ، مشتمل اس التزام پر کہ تشبیب کی **ابیات** اور مدح کے اشعار میں **حمزہ** و اولاد حمزہ و زمردشاہ وغیرہ یا ان کے معاملات و حالات کا ذکر درمیان آئے ۔ سو وہ قصیدہ آج اس خط کے ساتھ ارسال کرتا ہوں ۔ امید ہے کہ حضرت اس کو پڑھ کر محظوظ ہوں ۔ خدا آپ کو قیامت تک سلامت رکھے! مگر جب تک امیر حمزہ کا قصہ مشہور رہے گا ، یہ قصیدہ بھی **شہرت** پذیر رہے گا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔'' (نیز دیکھیں **عرشی** صاحب کے متعلقہ حواشی **مکاتیب غالب**

داستان **امیر حمزہ** کی ایک روایت **نواب کلب علی خان** والیٔ **رامپور کی تألیف** ہے ۔ یہ **بدیع الزمان** اور باختر کی داستان ہے ۔ اس کا قلمی نسخہ کتاب‌خانۂ **رامپور** میں محفوظ ہے ، طبع نہیں ہوئی ہے ۔

ڈاکٹر گیان چند صاحب کی مشہور کتاب ''اردو کی نثری

داستانیں'' میں جس کی کتابیات میں نواب کلب علی خاں کی داستان بھی مذکور ہے یہ کردار رموز حمزہ یا داستان امیر حمزہ کی مختلف روایتوں کے بیان میں نہیں ملتے ، سوائے چند ناموں کے مثلاً بدیع الزمان ، بختیارک ، بختک ، نورالدہر (نہ کہ دبود نورالدہر) نواب صاحب کی داستان کے کرداروں کے نام کی تفصیل ڈاکٹر صاحب نے اپنی کتاب میں درج نہیں کی ۔

قصیدہ : ۹

یہ قصیدہ غالب نے نواب کلب علی خان خلدآشیاں کے جشن تخت نشینی کے موقع پر ، جو دسمبر ۱۸۶۵ء کے پہلے ہفتے میں منایا گیا تھا ، خود پیش کیا تھا ۔ یہ جشن رامپور سے دو کوس کے فاصلے پر آغا پور بستی میں یکم دسمبر کو شروع ہوا تھا ، جہاں ۵ دسمبر کو کمشنر روہیلکھنڈ ڈویژن نے سرکار انگلشیہ کی طرف سے نواب صاحب کو خلعت پہنایا تھا ۔ غالب اس جشن میں شرکت کے لیے ۲ اکتوبر کو دہلی سے روانہ ہو کر ۱۲ اکتوبر کو رامپور پہنچ گئے تھے (دیباچہ مکاتیب غالب) یہ انھیں وہیں جا کر معلوم ہوا ہوگا کہ ۵ دسمبر کو خلعت آئے گا ۔ قصیدے کی زمین انھوں نے خلعت لائے جانے ہی کی مناسبت سے اختیار کی ہے ۔ یہ انہی (تاریخوں ۱۲ اکتوبر اور ۵ دسمبر) کےدرمیان کہا گیا ہوگا ۔

۱ : فصل خزاں : جشن تخت نشینی اور قصیدے کی پیشکش کا زمانہ جس کی تفصیل اوپر بیان ہوئی ، موسم خزاں کا تھا ۔

۱۰ : یہ نکتہ قابل ذکر ہے کہ ۶۲۶ھ میں خلیفہ بغداد المستنصر باللہ کا سفیر التتمش کے لیے خلعت لے کر آیا تھا ۔ دربار دہلی کے شاعر تاج الدین ریزہ نے اسی زمین میں (صرف باختلاف حرف ردف) قصیدہ کہہ کر پیش کیا تھا ، جس کا مطلع یہ ہے :

مژدہ عالم را ز عالم آفرین آوردہ اند
زانکہ شہ را از خلیفہ آفرین آوردہ اند

اس قصیدے کا ایک شعر یہ ہے :

شادیِ عامست در شہرِ اینکہ بہرِ شہریار

خلعتِ خاصِ امیرالمومنین آوردہ اند

تاج ریزہ کا قصیدہ **غالب** کی نظر میں ضرور تھا ۔ مشترک زمین کے علاوہ ، جس میں **غالب** نے حرف ردف بدل لیا ہے ، دونوں قصیدوں کے بعض بنیادی مضامین بھی متوازی ہیں ۔ **تاج ریزہ** کے قصیدے کے متن کے لیے دیکھیں : **ڈاکٹر اقبال حسین** کی کتاب Early Persian Poets Of India ، مطبوعہ پٹنہ ، ۱۹۳۸ء ، جس میں یہ قصیدہ تقی کاشی کی تألیف **خلاصۃ الاشعار** کے ایک مخطوطے سے درج کیا گیا ہے ۔)

قطعہ : ۲۲

قوی احتمال ہے کہ **غالب** نے یہ قطعہ **نواب صاحب ٹونک** کو ذی الحجہ ۱۲۶۷ھ ، ستمبر ۱۸۵۱ء میں بھیجا ہوگا ۔ (دیکھیں **ڈاکٹر تنویر احمد صاحب علوی** کا مضمون **غالب** کی ایک فیصلہ کن تحریر ، رسالہ آج کل **دہلی** ، شمارہ **فروری** ۱۹۵۳ء ، نیز جناب **شان الحق حقی** کا مقالہ ، **غالب اور ٹونک** ، رسالہ **ماہ نو** ، **کراچی** ، شمارہ فروری ۱۹۵۱ء)

قطعہ ۲۹

یہ قطعہ **غالب** نے **اس** قطعے کے جواب میں لکھا تھا جو مسٹر **الیگزنڈر اسکنر** کی طرف سے **'اولڈ ٹام'** کے تحفے کے ساتھ

انھیں بھیجا گیا تھا اور نواب علاءالدین احمد خان بہادر علائی کا نظم کردہ تھا ۔ قطعے سے پہلے یہ شعر تھا :

بنامِ نامیِ غالب ہمی رود نامہ
ز اسکرکہ ارادت گزینِ دیرین است

پھر قطعہ تھا :

فرمان روای کشورِ معنی توئی کہ شد
زیرِ نگینِ فضلِ تو ملکِ سخن تمام

دریوزۂ کلام دبیرِ فلک کند
از فیضِ جنبشِ لبِ جان بخش تومدام

خواہم کہ جان بحقِ قدومت کنم نثار
تا آبروی خویش فزایم بہ خاص و عام

جانِ حزین کہ خستۂ پیکانِ محنت است
لرزد بہ خاکِ پای تو اے قبلۂ انام

جان نیست خود عزیز کہ آزادۂ دلیر
از جان عزیزتر شمرد بادہ را مدام

اندہ گسار و غم ربا آن آبِ زندگی
آن نورِ شمعِ میکدہ و آبروی جام

آبے کہ خضر در ہوسش جان ہمی دہد
اسکندرش بجست ولے ماند تشنہ کام

آبے چنانکہ گرفتیش قطرۂ بہ خاک
صد گل دمد بروی زمین آفتاب نام

آتش مزاج آب فرح‌بخش خوشگوار
سرمایۂ نشاط می ناب اولڈ ٹام

زی‌خواجہ‌ہدیہ ایست ز روی نیاز و مہر
دو چار شیشہ زان می‌صاف چو سیم‌خام

بپذیریش ز راہ کرم تا ہمی کنم
جان را رہین منّت الطاف والسلام

کوتاہ شد سخن بہ‌دعای بقای تو
انجام یافت نامہ باکرام و احترام

(یہ قطعہ جو مالک رام صاحب نے رسالہ رومان ، لاہور ، کے فروری ۱۹۳۷ء کے شمارے سے اپنی مرتبہ سبد چین کے متعلقہ حاشیے میں ضروری تعارف کے ساتھ نقل کیا ہے ، ہم یہاں مدیر رومان اور مرتبِ سبد چین کے شکریے کے ساتھ درج کر رہے ہیں ۔)

غالب نے اپنی فارسی نظم و نثر میں انگریزی الفاظ دونوں طرح استعمال کئے ہیں مفرس صورت میں بھی اور غیر مفرس بھی ۔ باغ دودر کے قلمی نسخے میں اور باغ دودر کے حصۂ نظم کے اس قلمی اضافے میں جو کلیات نظم فارسی مطبوعہ ۱۸۶۳ء میں شامل ہے اور غالب کے شاگرد قاضی

عبدالجمیل جنون بریلوی کی ملکیت میں رہا ہے یہ الفاظ 'کاس ٹلن'، 'اولڈ ٹام'، اور 'پوٹ وین'، ٹ اور ڈ ہی سے لکھے گئے ہیں ۔

غزل : ۳

اس زمین میں بیدل کی دو غزلیں ہیں حسب ذیل مطلعوں کی:

(۱) در طپش آباد دہر حیرت دل لنگراست
مرکز دور محیط آب رخ گوہر است
(کلیات بیدل ، جلد اول ، صفحہ ۲۵۳)

۲) شعلہ بے بال و پر سجدہ گر اخگر است
سعی چو پستی گرفت آبلہ پا سراست
(ایضاً ، صفحہ ۳۰۰)

غزل : ۷

اس زمین میں امیر خسرو کی غزل ہے ، لیکن غالب نے قافیہ کا حرف روی بدل لیا ہے ۔ امیر خسرو کی غزل میں حرف روی (ز) ہے ۔

غزل : ۸

یہ غزل خواجوی کرمانی کی زمین میں ہے ۔ خواجو کا مطلع ہے :

چو برقمر ز شبِ عنبری[1] نقاب انداخت
دلِ شکستہ ما را در اضطراب انداخت

(دیوان اشعارِ خواجوی کرمانی، کتاب الشوقیات ، صفحہ ٦۵٢)

غالب نے قافیے سے 'ب' نکال دیا ہے ۔ اس صورت میں انداخت کا الف قائم رہتا ہے ۔ حرفِ ما قبل کے ساتھ انداخت کا نون مدغم نہیں ہوتا ۔

فرد : ۱

غالب کے ایک معاصر (غالباً تفضّل حسین خاں خیر آبادی) کی بیاض میں اس زمین کے حسب ذیل اشعار درج ہیں :

ملک قمی :

باکم از کشتہ شدن نیست ازان می ترسم
کہ ہنوزم نفسے باشد و قاتل برود

مرزا حسن بیگ رفیع :

تا قیامت دگر آن کشتہ نگیرد آرام
کہ دلش زخمِ دگر خواہد و قاتل برود

نظیری :

قصہ ما بہ عزیزانِ وطن خواہد گفت
ہر کہ را تختہ ازین ورطہ بہ ساحل برود

---

۱ - 'عنبری' ہی ہے 'عنبرین' نہیں ۔

فیضی :

ساربان ناقہ مرنجان و حدی ساز مکن
کشش دل نہ چنانست کہ محمل برود

عرفی :

گر بمیرم منما چہرہ بہ من روز وصال
حسرت روی تو حیف است کہ از دل برود

سعدی :

دلے از سنگ بباید بہ سر راہ وداع
تا تحمّل کند آن روز کہ محمل برود

می روم یک‌دوقدم راہ و بہ سر می‌افتم
ہمچو آن مرغ سراسیمہ کہ بسمل برود

یادداشت : **قطعہ ۱۲ جس مسجد کی تاریخ تعمیر کا قطعہ ہے** اس سے متعلق ایک کتاب کا اقتباس جو محترمی جناب سلیم‌الحق صاحب حقی نے عطا فرمایا درج ذیل ہے :

مسجد سرا

یہ مسجد خوش قطع سرائے سابق کے دروازہ کے رو برو سن ہجری ۱۲۵۹ (؟) میں **میر سعادت علی** ، سابق میر منشی ایجنٹی راجپوتانہ نے بنا کر دلیا میں نام عقبیٰ کا کام کیا ۔ ایک چاہ پختہ مسجد سے ملحق سمت جنوب بنا ہوا ہے ، مسجد کی محراب پر سنگ مرمر کی لوح میں بخط طغریٰ یہ قطعہ تاریخ کندہ ہے [جس کے آخر میں کاتب نے اپنا نام درج کیا ہے] :

(کتبہ میر جلال الدین مرصع رقم)

اب مسجد کے رو برو ، بسبب تعمیر ہونے اسٹیشن ریلوے کے ، بہت رونق اور گلزاری ہوگئی ہے ، اور ہوتی جاتی ہے ، قریب اس کے پہلے چشتی چمن تھا ، اب چشتی چمن کٹ کر اُس مقام پر سرائے پختہ سرکار درگاہ کی طرف سے بہت خوش نما تعمیر ہو گئی ہے ، اس کی لاگت میں تخمیناً چالیس روپیہ (؟) درگاہ شریف کا صرف ہوا ہے -

نقل از تاریخ خواجہ اجمیر معروف بہ احسن‌السیر

از تالیف محمد اکبر جہان خان

مطبوعہ مفید عام پریس ، آگرہ ، صفحہ ۱۰۳

یادداشت : توضیحات میں مکاتیب غالب مرتبہ جناب امتیاز علی عرشی صاحب کے حوالے پہلے ایڈیشن کے ہیں -

بیدل کے اشعار کا حوالہ کلیات بیدل (۳ جلد) طبع کابل ۱۳۴۲ھ کا ہے -

خواجوی کرمانی کے اشعار دیوانِ خواجوی کرمانی مرتبہ سہیلی خوانساری طبع تہران سے لیے گئے ہیں -

توضیح : حواشی اور تعلیقات میں جہاں تحقیق نامہ کا حوالہ آیا ہے اس سے مراد کتاب 'باغ دودر' کا تحقیق نامہ ہے جو متن کی تعلیقات پر مشتمل ہے - 'باغ دودر' جسے راقم نے مرتب کیا ہے یونیورسٹی اورینٹل کالج، پنجاب یونیورسٹی لاہور کی طرف سے چھپی ہے اور شائع ہونے والی ہے - (مرتب)

لفظ سبد چین

لفظ ، سبد چین ، جس میں سین اور بے مفتوح اور دال ساکن ہے اور جس کا فارسی میں ایک مترادف 'پسا چین' بھی ہے مصدر 'چیدن' سے اسم مفعول سماعی ترکیبی ہے ، یعنی میوۂ چیدہ در سبد ، یا بچا کھچا ٹوکری بھر پھل ، جو فصل ختم ہونے پر درختوں پر رہ جاتا ہے ۔ یہی معنی غالب نے اپنے دیباچے میں بتائے ہیں ۔

اس کتاب کا نام غلط طور پر 'سبدِ چین' مشہور ہو گیا ہے ۔ یہ مرکب لفظ جیسا کہ اوپر وضاحت کی گئی ترکیبِ اضافی نہیں ہے ، ورنہ چین کی ٹوکری کے معنی میں ہوتا ۔

حواشیِ غالب

(خاص خاص الفاظ کے معانی بتانے کے لیے غالب نے جو حاشیے مثنوی ابرِ گہر بار (اشاعت ۱۸۶۴ء) کے ملحقات پراور سبد چین (اشاعت ۱۸۶۷ء) کے مندرجات پر لکھے تھے وہ یہاں ابجدی ترتیب سے جمع کر دیے گئے ہیں ۔)

لفظ	معنی	حوالہ
*آدم اوباری	آدمی کو نگل جانا (اوباریدن = نگل جانا)	قصیدہ ۵ : ۳۰
افسار	پوزی	رباعی ۸ : ۱
اِینت	زہے و خہے	قصیدہ ۱ : ۳۰ ، قطعہ ۲۵ : ۳
بدا	بسیار بد	قصیدہ ۵ : ۲۶
ُبندار	داروغۂ توشہ خانہ	قصیدہ ۲ : ۲
پیشرو	الاپ	ایضاً : ۲۳
تنبل (بالفتح)	سست و کاہل	ایضاً : ۴۳
جاور	حال	رباعی ۸ : ۲

*(یہ حاشیہ ہماری طرف سے ہے ۔ مکاتیب غالب مرتبہ جناب مولوی امتیاز علی صاحب عرشی میں بھی اس طرح کا حاشیہ ہے ۔)

جاور گردش	انقلاب	ایضاً
جشنِ سده	نام جشنے است که پارسیان در آفتاب قوس کنند	قصیده ۲ : ۲۱
سو گیری	طرفداری	قطعه ۲۶ : ۲
فرتاب	قدرت و کرامت	قصیده ۲ : ۲۷
فرگاه	بارگاه	قصیده ۲ : مطلع
کاپتره	احمقانه کلام	قطعه ۲۶ : ۲۹
گرزن	تاج	رباعی ۸ : ۱
ِنهنبن	سرپوش	قطعه ۱۷ : ۱
بهاره	بمواره	قصیده ۵ : ۲۷

نسخہ بدل

(اختصارات : ب = باغ دودر ، ج = باغ دودر کا حصہ‌نظم قاضی عبدالجمیل جنون بریلوی شاگرد غالب کے ہاتھ کا لکھا ہوا ، ق = احمد حسن صاحب قریشی قلعہ‌داری کا مملوکہ مثنوی ابر گہربار کا قلمی نسخہ ، م = مالک رام صاحب کا مرتبہ نسخہ سبد چین) - یہاں سید چین کی پہلی اشاعت کے نسخہ بدل شامل نہیں کیے گئے اس لیے کہ اس کا کاتب بے حد غلط نویس ہے - وہ اختلافات بھی جو محض املائی ہیں ظاہر نہیں کیے گئے -)

ترجیع بند :

ترجیع کا مصرع ثانی: 'پادشہ' (ج) بادشہ (ب ، م) - پ سے ٹھیک ہے - بادشاہ (ب ، ج ، م) یہ بھی "پادشاہ" ہونا چاہیے -

ترکیب بند :

همدمان در دلم از دیده نهانید همه
غالب غمزده را روح و روانید همه
(ب ، م)

.........روح روان............... (ج)

سود بینید وفا دیده و نورید همه
زنده مانید جفا قالب و جانید همه (ب)

........وفا دیده و نورید (م)

........وفا دیدهٔ نورید (ج)

........صفا .... (ج ، م)

مندرجہ بالا متون میں 'روح و رواں' 'وفا دیدہ و نورید' اور 'صفا قالب و جانید' صحیح ہیں ۔

قصیده ۵ :

عنطلیہ (ب ، ج ، م) اثریا (مکاتیب غالب مرتبہ جناب عرشی) ، ایضاً : ۳۹ قندز (ب ، ج) قندر (م ، عرشی)

قطعه ۳ :

بیت ۲ چون (ب) ، چو (م) ، بیت ۳ چون (ب) ، چو (م) دونوں جگہ 'چون' صحیح ہے ۔

قطعه ۴ : ۹

زمان (ب) زمانہ (ج) دیار (م) 'زمان' صحیح ہے ۔

قطعه ۶ : ۱

پادشاہی (ب) بادشاہی (م) 'پادشاہی' صحیح ہے ۔

قطعه ۸ : ۴

پادشاہ (ب) بادشاہ (م) 'پادشاہ' صحیح ہے ۔

ایضاً : ۵

طرہ (ب) ترہ (م) 'طرہ' صحیح ہے ۔

ایضاً : ۱۰ از (ب) وز (م) 'وز' بہتر ہے ۔

ایضاً : ربود (ب) برد (م) 'برد' ہونا چاہیے ۔

قطعہ ۱۳ : ۱

فرزانہ (ب) فرزانہٗ (م) جو ظاہر ہے 'فرزانہ' ہے ۔ 'فرزانہٗ' سہو کتابت ہے ۔

قطعہ ۱۸ :

سروش تہنیتِ زبدۂ مطالب (ب) سروشِ تہنیت زبدۂ مطالب (م)

'سروش' مضاف نہیں ہے ، 'تہنیت' مضاف ہے ۔

قطعہ ۲۲ :

آخری بیت : بذل و احسان (ب) بذل احسان (م)

'بذل و احسان' ہونا چاہیے ۔

قطعہ ۲۳ : ۹

'پادشاہ' پہلے مصرعے میں اور 'پادشہ' دوسرے مصرعے میں (ب) دونوں لفظ ب سے (م) ،

آخری بیت : بگریز (ب ، م) بگذر (ج)

پہلے شعر میں دو نسخہ بدل ب کے اور دوسرے میں ج کا نسخہ بدل صحیح ہے ۔

قطعہ ۲۵ :

'بگو رفعِ اعداد وے اینت پاسخ' (ب و م)
'بگو رفع اعداد این است پاسخ' (ج)

ب و م کا نسخہ درست ہے -

قطعہ ۲۶ : ۲۴

ھان (ب ، م) ھمہ (ج) 'ھان' چاہیے -

ایضاً : ۲۶

کس (ب ، م) کش (ج) 'کش' ہونا چاہیے -

قطعہ ۲۹ :

دوسرا شعر م میں غلط چھپ گیا ہے - ظاہر ہے سہو کاتب ہے - یوں ہونا چاہیے :

در جلدوی اینچنین نکوئی
جان نذر کنم کہ نیک مردی

بجائے :

در جلدوی چنین نکوئی
جان نذر نکنیم کہ نیک مردی

قطعہ ۳۰ : ۱

رہی (ب) زہے (م) - 'زہے' ہونا چاہیے -

قطعہ ۳۱ : ۱۱

بافروغ و فروضیا (ب) بافروغ دادضیا (م)

یہاں ب درست ہے ۔

قطعہ ۳۲ : ۲

تا (ب) طا (م)

ایضاً : ۳

اشارات (ب) بشارات (م) یہاں ب ہی صحیح ہے ۔

ایضاً : ۳

تا (ب) طا (م)

دوسرے اور تیسرے دونوں شعروں میں 'طا' ہونا چاہیے ۔ استدلال کے لیے ملاحظہ ہو ۔

"باغ دودر" کے تحقیق نامے میں اس قطعے پر راقم کا تبصرہ ۔

غزل ۳ : ۵

مہمل گل (ب، ج، م) 'محمل گل' بہتر ہے۔ (تصحیح قیاسی)

غزل ۵ : ۵

زخم نمکدان (ب ، ج، م) تینوں متن غلط ہیں ۔ 'زخم و نمکدان' ہونا چاہیے ۔ یہ تصحیح ہماری طرف سے قیاس علمی کی رو سے ہے ۔

غزل ٦ : ۱۰

بیخودئی (ب) بیخودی (م) م میں کاتب کا سہو معلوم ہوتا ہے ۔

غزل ۱۰ : ۳

اناالله گوی (ب) انا الله گوئے (م) یہاں "گوئی" فارسی اصول شعر کے لحاظ سے وزن سے خارج ہے۔ "گوی" ہونا چاہیے۔ یہاں یای تنکیر کا اضافہ نہیں ہے۔

ایضاً : ۸

گوی (ب) گوئی (م) یہاں بھی گوئی یعنی فعل مضارع ضمیر متصل فاعلی کے ساتھ وزن سے خارج ہے۔ یہاں فعل امر غیر مرخم "گوی" استعمال ہوا ہے۔

رباعی ۲ : ۱

روز عید نو روز (ق) روز عید و نوروز (ب ، م)۔ ق صحیح ہے۔

مثنوی ابر گہر بار مطبوعہ ۱۸۶۳ء کے ملحقات کے متن میں اس رباعی کا پہلا مصرعہ غلط چھپا ہے :

امروز کہ عید نوروز بود

بجائے

امروز کہ روز عید نوروز بود

تشکر

ڈاکٹر میاں بشیر حسین صاحب ، لیکچرار فارسی ، اورینٹل کالج لاہور اور اقبال صلاح الدین صاحب ایم ۔ اے (فارسی و اردو) جنھوں نے از راہ محبت و نوازش پروفوں کی تصحیح میں مدد دی اور مطبع عالیہ کے مالک جناب اظہار الحسن رضوی جنھوں نے بعض مشکلات کے باوجود طباعت میں ایک خاص سلیقے کا التزام رکھا میرے دلی شکریے کے حقدار ہیں ۔

وزیرالحسن عابدی